9652 - کیا نجاست چھو جانے سے لباس نجس اور پلید ہو جاتا ہے ؟

سوال

ہوائی جہاز کی لیٹرین بہت تنگ ہوتی ہے اور بعض اوقات اس کے فرش اور دیواروں میں نجاست لگی نظر آرہی ہوتی ہے وہاں داخل ہونے اور وضوء کرنے میں مجھے شك ہوتا ہے کہ اس کے ساتھ لگنے سے میرے کپڑے پلید ہوگئے ہیں، لیکن میں نماز ادا کر لیتا ہوں، اور سفر ختم ہونے کے بعد میں لباس تبدیل کر کے نماز کا وقت نکل جانے کے بعد نماز دوبارہ ادا کرتا ہوں تو اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

لیٹرین کی دیواریں نجس ہونے کا ہمیں یقین ہونا ضروری ہو.

دوم:

اگر یہ یقین بھی ہو جائے تو صرف دیواروں کو کپڑا لگنے سے ہی ناپاك نہيں ہو جائيگا، لیکن اگر کپڑا گیلا ہو اور دیواریں بھی گیلی ہوں کہ کپڑے کو نجاست لگ سکے تو پھر ناپاك ہونگے.

سوم:

اور جب ہمیں یہ یقین ہو جائے تو وہ نماز ناپاك اور پلید لباس میں ادا کر رہا ہے، تو اس حالت میں بعنیہ جہاں نجاست لگی ہے کپڑے سے نجاست دھو کر اسے پاك کرنا ضروری ہے، اور اگر اسے پاك صاف لباس نہ ملے اور وہ اسی میں نماز ادا کر لے تو اس پر نماز کا اعادہ نہيں کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے:

اللہ تعالی کا تقوی اپنی استطاعت کے مطابق اختیار کرو التغابن (16).